تشنه دهن حسين غريبُ الوطن حسين

تشنه دهن حسين غريبُ الوطن حسين
غربت ميں تين روز رهے بے كفن حسين

بے شير كو گلے سے لگايا مگر نہ روئے
تلوار سے مزار بنايا مگر نہ روئے
لاشه جوان كا رن سے اُٹھايا مگر نہ روئے
يہ صبر تها كے گهر كو لُٹايا مگر نہ روئے
دشتِ ستم ميں لُٹ گيا سارا چمن حسين

ننها سا چاند كهو گيا پاني كے واسطے
چهرِ كو خون ميں دهو گيا پاني كے واسطے
عَالم سِياه هو گيا پاني كے واسطے
بچّه لحد ميں سو گيا پاني كے واسطے
خاكِ شِفاءِ ميں مِل گئي سب اَنجُمن حسين

چھوڑا فرش کو خاك کے بِستر کے سامنے
شاکر رهے خدا په مُقدَّر کے سامنے
سوکھے گلے کو رکھ دِیا خنجر کے سامنے
غُربت میں ذبح هو گیا خواهر کے سامنے
هے دشت کربلا میں چراغِ وطن حسین

خون دل کا هو چُکا هے زمانه بدل نه جائے
اصغر لهو کو دودھ کے بدلے نِگل نه جائے
مولیٰ یه غم تھا موت سے بچّه دهل نه جائے
ناوك کے ساتھ ساتھ کهیں دم نِکل نه جائے
مِٹتا هے دشت کین میں نبي کا چمن حسین

مَظلُومِیة کي فتح دِکھاتے رهے حسین
خوش هو کے آنسوؤں کو بهاتے رهے حسین
مرضئِي حق کو دل سے لگاتے رهے حسین
اصغر کي قبر رن میں بناتے رهے حسین
خاكِ شِفاء میں مِل گئي سب اَنجُمن حسین

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاً نذرعلي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

اکبر کو دے دِیا علي اصغر کو دے دِیا

راہے خدا میں اپنے بھرے گھر کو دے دِیا

گردن کا خون شمر کے خنجر کو دے دِیا

مر کر نِشانِ فتح بَہتّر کو دے دِیا

دشتِ ستم میں لُٹ گیا سارا چمن حسین

*****